# حکمت کی باتیں



ابویحییٰ

حکمت کی باتیں

ابویحییٰ

انذار پبلیشرز
A Non-Profit Organization

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب : حکمت کی باتیں

ISBN نمبر: 978-969-9807-10-7

مصنف : ابویحییٰ

ناشر : انذار پبلیشرز: 03323051201

ویب سائٹ: www.inzaar.org

ای میل : abuyahya267@gmail.com

ٹائٹل : عبداللہ عبدالرحمٰن

قیمت : 100 روپے

**ملنے کا پتہ:** پوری دنیا میں کسی بھی جگہ گھر بیٹھے یہ کتاب حاصل کرنے کے لیے رابطہ کیجیے۔ 03323051201-(0092)

دیگر مقامات کے لیے دیکھیے ہماری ویب سائٹ inzaar.org

## حکمت کی باتیں

حکمت کی باتیں میرے رسالے کے دس برس پورے ہونے پر شائع کی جا رہی ہے۔ یہ کتاب ان اقوال کا مجموعہ ہے جو جنوری 2006 سے دسمبر 2015 تک کے دس برسوں میں رسالے کے سرورق پر شائع ہوئے۔ بعض اوقات جو اثر ایک پوری کتاب نہیں کر سکتی وہ دو سطروں میں کہی گئی بات کر دیتی ہے۔ ایسی ہی کوئی بات اگر کسی کی زندگی کو بہتر بنا گئی تو یہ میری خوش بختی ہوگی۔ مجھے امید ہے کہ باذوق قارئین کے لیے یہ کتاب ایک قیمتی تحفہ ثابت ہوگی۔

ابویحییٰ

بسم الله الرحمن الرحيم

کسی فکر کو قبول کیے بغیر اس پر غور کرنا
آپ کے تعلیم یافتہ ہونے کی نشانی ہے

(ماخوذ)

جنوری 2006

جو شخص بہانہ بنانے میں بہت اچھا ہو
وہ کسی اور کام میں اچھا نہیں ہو سکتا

(ماخوذ)

فروری 2006





بے وقوف آدمی کا اصل المیہ یہ ہے کہ
اس کی کوئی حماقت آخری نہیں ہوتی

(ابو یحییٰ)

مارچ 2006

شیطان کی کامیابی کے لیے یہی کافی ہے کہ
خیر و شر کی کشمکش میں اچھے لوگ کچھ نہ کریں

(ماخوذ)

اپریل 2006





پیسہ بدترین آقا ہے
مگر بہترین غلام ہے

(ماخوذ)

مئی 2006

میں کبھی چپ رہ کر نہیں پچھتایا

جب پچھتایا بول کر پچھتایا

(ماخوذ)

جون 2006





جنت کا حقیقی مستحق وہ ہے جو

قربانی کے درجے میں اس کا طلبگار بنے

آج کا مسلمان تو

خواہش کے درجے میں بھی اس کا طلبگار نہیں

(ابو یحییٰ)

جولائی 2006

بہترین انسان وہ ہے جو مسائل حل کرتا ہے

اور بدترین وہ ہے جو مسائل پیدا کر دیتا ہے

(ابو یحییٰ)

اگست 2006





خوش ہونا ہے تو تعریف سنیے

اور بہتر ہونا ہے تو تنقید سنیے

(ابو یحییٰ)

ستمبر 2006

اس نے کیا پایا جس نے خدا کو کھو دیا
اس نے کیا کھویا جس نے خدا کو پالیا
(ماخوذ)

اکتوبر 2006





جو پڑھ نہیں سکتا اور جو پڑھتا نہیں ہے
دونوں یکساں طور پر جاہل رہتے ہیں
(ماخوذ)

نومبر 2006

وقت کی بربادی کی سب سے بڑی وجہ
اس کام کا آغاز ہے جسے آپ پورا نہ کریں
(ابویحییٰ)

دسمبر 2006





آج خدا کے نام پر
ہر چیز کی طرف بلایا جا رہا ہے
سوائے اس چیز کے
جس کی طرف خود رب نے بلایا ہے
(ابویحییٰ)

جنوری، فروری 2007

جہاز بندرگاہ میں محفوظ ہوتے ہیں مگر
جہاز بندرگاہ کے لیے بنائے نہیں جاتے

(ماخوذ)

مارچ 2007





اگر آپ مسائل سے نجات
پانا چاہتے ہیں تو انہیں
حل کرنا شروع کر دیں

(ابو یحییٰ)

اپریل 2007

آپ کا دشمن وہ ہے جس سے آپ کو نقصان پہنچے
قطع نظر اس کے کہ
وہ آپ کے خلاف ہے یا آپ کے ساتھ

(ماخوذ)

مئی 2007





خدا نے چیزیں استعمال کرنے
اور لوگ محبت کے لیے بنائے ہیں
مگر انسان چیزوں سے محبت
اور لوگوں کو استعمال کرتے ہیں

(ماخوذ)

جون 2007

حکمت کی باتیں

مطالعہ کیجیے

یہ انسان کا وہ شرف ہے

جو کسی جانور کو حاصل نہیں

(ابو یحییٰ)

جولائی 2007





اصولوں کے لیے جنگ کرنا بہت آسان ہے

اصولوں کے مطابق زندگی گزارنا بہت مشکل ہے

(ماخوذ)

اگست 2007

اعلیٰ اخلاقی سطح اکثر

دو قسم کے لوگوں میں پیدا ہوتی ہے

وہ لوگ جن کی تربیت بہت اعلیٰ ہو یا

وہ لوگ جن کا مقصدِ حیات بہت اعلیٰ ہو

(ابو یحییٰ)

ستمبر 2007





اہم یہ نہیں کہ رمضان میں

آپ نے کیا اعمال کیے

اہم یہ ہے کہ رمضان کی تربیت نے

آپ کو کیسا بنا دیا

(ابو یحییٰ)

اکتوبر 2007

معلومات نہیں حکمت ڈھونڈیے

معلومات ماضی کا علم ہے اور حکمت مستقبل کا

(ماخوذ)

نومبر 2007





طاقتور کا نقصان نہ کیجیے

وہ آپ کی دنیا کو خطرے میں ڈال دے گا

کمزور کا نقصان نہ کیجیے

وہ آپ کی آخرت کو خطرے میں ڈال دے گا

(ابو یحییٰ)

دسمبر 2007

کسی معمولی نظر آنے والے انسان کی عزت کرنا
آپ کی شرافت کا ثبوت ہے
کسی معمولی نظر آنے والے انسان کو ذلیل کرنا
آپ کے پست ہونے کا ثبوت ہے
(ابو یحییٰ)

جنوری 2008





جب عام آدمیوں کے قاتل نہ پکڑے جائیں تو
خاص لوگوں کی ہلاکت کا سانحہ پیش آجاتا ہے
اور جب خاص آدمیوں کے قاتل نہ پکڑے جائیں
تو قوم کی ہلاکت کا سانحہ پیش آجاتا ہے
(ابو یحییٰ)

فروری 2008

زندگی کے سفر میں آنے والا اندھیرا غار کا نہیں سرنگ کا ہوتا ہے

جس کے اگلے سرے پر ہمیشہ روشنی ہوتی ہے مگر

یہ بات حوصلے کے ساتھ چلتے رہنے والے ہی جان سکتے ہیں

مایوس ہو کر بیٹھ جانے والے نہیں

(ابو یحییٰ)

مارچ 2008





کسی فرد کسی قوم کو ہلاک کرنا ہے

تو اس کی امید کو مار ڈالیے

اور اگر اسے تعمیر کرنا ہے تو

اس کی امید کو زندہ رکھیے

(ابو یحییٰ)

اپریل 2008

30

وہ آدمی نادان ہے جو ماضی سے نہیں سیکھتا
اور بار بار پرانی غلطیاں دہراتا ہے مگر
وہ آدمی زیادہ نادان ہے جو ماضی سے سیکھتا ہے
اور ہر دفعہ نئی غلطی کرتا ہے

(ابو یحییٰ)

مئی 2008



33

زندگی کی دوڑ میں دوسروں سے
آگے نکلنے کے لیے تیز چلنا ضروری نہیں
بلکہ ہر رکاوٹ کے باوجود چلتے رہنا
اور مسلسل چلتے رہنا ضروری ہے

(ابو یحییٰ)

جون 2008

منفی انسان کو ہر موقع میں ایک مشکل نظر آتی ہے
مثبت انسان ہر مشکل میں ایک موقع دیکھتا ہے
(ابو یحییٰ)

جولائی 2008





آنے والا کل اس شخص کا ہوتا ہے
جو اس کے لیے تیاری
آج کے دن سے شروع کردے

(ماخوذ)

اگست 2008

زندگی میں پیش آنے والے ناگوار حالات

روزے دار کے ایک سخت دن کی طرح

آخر کار گزر جاتے ہیں

یہی رمضان کا اصل سبق ہے

(ابویحییٰ)

ستمبر 2008





جن معاملات میں آپ کچھ نہیں کر سکتے

ان کے لیے پریشان ہونا نادانی ہے

اور جن معاملات میں آپ کچھ کر سکتے ہیں

ان کے لیے پریشان ہوتے رہنا

زیادہ بڑی نادانی ہے (ابویحییٰ)

اکتوبر 2008

36

لوگ اس لیے پریشان رہتے ہیں کہ
ان کے مرنے کے بعد اولاد کا کیا ہوگا جبکہ
لوگوں کو پریشان اس لیے ہونا چاہیے کہ
اولاد کے مرنے کے بعد اولاد کا کیا ہوگا

(ماخوذ)

نومبر 2008



39

اس دنیا میں سب کچھ کرنے کا وقت
کسی کے پاس نہیں ہوتا لیکن
اہم ترین کام کرنے کا وقت
ہر شخص کو دیا گیا ہے

(ماخوذ)

دسمبر 2008

جو وقت کو برباد کرتا ہے

وقت اسے برباد کر دیتا ہے

(ماخوذ)

جنوری 2009





خواب وہ نہیں ہوتے

جو آپ نیند میں دیکھا کرتے ہیں

خواب وہ ہوتے ہیں

جن کے لیے آپ نیند قربان کر دیتے ہیں

(ماخوذ)

فروری 2009

جب آپ کو ہر شخص سے شکایت ہونے لگے
تو دیکھ لیجیے کہ خرابی کہیں آپ ہی کے اندر تو نہیں
(ابو یحییٰ)

مارچ 2009





انسانوں کے آدھے مسائل عقل حل کرتی ہے
باقی آدھے مسائل کا حل مضبوط شخصیت ہے
جو مسائل کے ساتھ جینا سکھا دیتی ہے
(ابو یحییٰ)

اپریل 2009

بس آپ امید کی شاہراہ کو اختیار کر لیجیے

کامیابی کا ہر راستہ اسی راہ سے نکلتا ہے

(ابو یحییٰ)

مئی 2009





آپ اس رائے کے ذمہ دار نہیں جو

لوگ آپ کے بارے میں قائم کرتے ہیں

مگر اس رویے کے ذمہ دار ضرور ہیں

جس کی بنا پر یہ رائے قائم کی جاتی ہے

(ماخوذ)

جون 2009

خوشی سب کچھ پا لینے کا نام نہیں

یہ پائے ہوئے میں خوش رہنے کا نام ہے

(ابو یحییٰ)

جولائی 2009





مسلسل ترقی کا ایک ہی راز ہے

اپنی کامیابیوں کو ریت پر لکھیے

اور اپنی ناکامیوں کو پتھروں پر

(ماخوذ)

اگست 2009

اللہ سے ڈریئے

پھر اس شخص سے ڈریئے

جو اللہ سے نہیں ڈرتا

(ابو یحییٰ)

ستمبر 2009





دولت کی اصل خرابی یہ ہے کہ

وہ آدمی کے پاس ہمیشہ نہیں رہتی

اور اگر رہ جائے تو

آدمی نہیں رہتا

(ماخوذ)

اکتوبر 2009

ہر مشکل سے نکلنے کا ایک راستہ ضرور ہوتا ہے

اسے ڈھونڈیئے اور اگر نہ ملے تو

خود ایک راستہ بنا لیجیے

(ابو یحییٰ)

نومبر 2009





اچھے لوگوں سے ان کی غلطیوں کی بنا پر

قطع تعلق مت کیجیے

اس لیے کہ ان کی غلطیاں بھی

غلطی ہی سے ہوا کرتی ہیں

(ماخوذ)

دسمبر 2009

آپ جو کچھ ہوتے ہیں اس کے
ہونے کا شور اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ
آپ جو کچھ کہتے ہیں وہ لوگوں کو
سنائی نہیں دیتا

(ماخوذ)

جنوری 2010





کامیاب زندگی یہ نہیں کہ آپ کتنے خوش ہیں
کامیاب زندگی یہ ہے کہ
آپ کا پروردگار آپ سے کتنا خوش ہے

(ابو یحییٰ)

فروری 2010

لوگوں کے دکھ بانٹیے
یہ نہیں کر سکتے تو کم از کم
ان میں اضافے کا سبب بھی نہ بنیے
(ابو یحییٰ)

مارچ 2010





بہترین انسان کون ہے اس کا فیصلہ
بدترین حالات کیا کرتے ہیں
اسی لیے بہترین لوگ
بدترین حالات سے گھبرایا نہیں کرتے
(ابو یحییٰ)

اپریل 2010

زندگی میں بڑا کام وہی لوگ کرتے ہیں

جو خواب دیکھا کرتے ہیں

مگر جو لوگ خواب ہی دیکھتے رہتے ہیں

وہ زندگی میں کچھ نہیں کر پاتے

(ابو یحییٰ)

مئی 2010





کل تک میں دنیا کو بدلنا چاہتا تھا

اور میں بہت ناکام تھا

آج میں خود کو بدل رہا ہوں

اور میں بہت کامیاب ہوں

(ابو یحییٰ)

جون 2010

اس دنیا میں کامیابی کسی اتفاق کا نام نہیں

کامیابی اپنے امکانات کو سمجھنے اور

انہیں استعمال کرنے کا نام ہے

(ابو یحییٰ)

جولائی 2010





خیر کی روشنی دوسروں تک پہنچانے کے دو ہی ذریعے ہیں

یا تو سورج بن کر چمکیے

یا پھر چاند کی طرح سورج کی روشنی دوسروں تک منعکس کیجیے

(ماخوذ)

اگست 2010

لمبی قطار کی کوفت سے بچنا ہے تو
کریڈٹ لینے والوں کو چھوڑ کر
کام کرنے والوں کی قطار میں آ جائیں
یہاں بہت کم لوگ کھڑے ہوتے ہیں

(ماخوذ)

ستمبر 2010





ہمیں زندگی کے مسائل برے لگتے ہیں مگر
بڑی ترقی بڑے مسائل کے بغیر نہیں ملا کرتی

(ابو یحییٰ)

اکتوبر 2010

شادی ناکام کسی بھی وجہ سے ہو

کامیاب اکثر عورت کی وجہ سے ہوتی ہے

(ابو یحییٰ)

نومبر 2010





ایک متعصب شخص عالم بن سکتا ہے مگر

ایک سچے عالم کا متعصب ہونا بہت مشکل ہے

(ابو یحییٰ)

دسمبر 2010

ستاروں کی طرح چمکنا ہے تو

تاریکی سے ڈرنا چھوڑ دیں

(ماخوذ)

جنوری 2011





جو حق کی مخالفت کرتے ہیں

وہ اندھے شیطان ہوتے ہیں

اور جو اس کا ساتھ نہیں دیتے

وہ گونگے شیطان ہوتے ہیں

(ماخوذ)

فروری 2011

باصلاحیت انسانوں کی قدردانی
اجتماعی کامیابی کا اصل راز ہے

(ابویحییٰ)

مارچ 2011





اچھا انسان اچھا ہی ہوتا ہے
مگر جب انسان برائی کرتا ہے تو
وہ بہتر انسان بننے کا اہل ہو جاتا ہے

(ابویحییٰ)

اپریل 2011

نادان شخص غلطی کرتا ہے اور بھول جاتا ہے
عقلمند بھی غلطی کرتا ہے مگر اسے یاد رکھتا ہے
(ابو یحییٰ)

مئی 2011





انسان کا اصل المیہ یہ ہے کہ
بڑے بڑے حادثات کا مقابلہ وہ
بڑے حوصلے سے کرتا ہے
مگر چھوٹے چھوٹے مسائل کے ہاتھوں
اپنی صحت اور سکون گنوا دیتا ہے (ابو یحییٰ)

جون 2011

سخت روزے کے بعد افطار کی نعمت

دنیا کی پابند زندگی کے بعد

جنت کی پرلذت زندگی کا ایسا تعارف ہے

جو صرف روزے دار کو نصیب ہوتا ہے

(ابو یحییٰ)

جولائی 2011





خوبصورت لوگ ہمیشہ

اعلیٰ اخلاق کے حامل نہیں ہوتے

لیکن اعلیٰ اخلاق کے لوگ ہمیشہ

خوبصورت ہوتے ہیں

(ابو یحییٰ)

اگست 2011

مخالف کو جنگ اور دلیل کے میدان میں
شکست دینا بھی کامیابی ہے
مگر اسے اخلاق کے میدان میں شکست دینا
زیادہ بڑی کامیابی ہے

(ابو یحییٰ)

ستمبر 2011





اگر آپ حق پر کھڑے ہیں تو آپ کو
چلا کر بات کرنے کی ضرورت نہیں
اور اگر آپ حق پر نہیں ہیں تو
چلا کر بات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں

(ابو یحییٰ)

اکتوبر 2011

جس طرح باہر کا اندھیرا انسان سے اس کے
دیکھنے کی صلاحیت چھین لیتا ہے اسی طرح
دل کے اندر موجود تعصب کا اندھیرا بھی
انسان کو حقائق دیکھنے سے روک دیتا ہے

(ابویحییٰ)

نومبر 2011





زیادہ ذہین اور کم محنتی افراد کی کامیابی
کا امکان جتنا کم ہوتا ہے
کم ذہین اور زیادہ محنتی افراد کی کامیابی
کا امکان اتنا ہی زیادہ ہوتا ہے

(ابویحییٰ)

دسمبر 2011

جس طرح دنیا میں تجارت

بداخلاقی کے ساتھ نہیں کی جاسکتی

اسی طرح جنت کی تجارت

بداخلاقی کے ساتھ نہیں کی جاسکتی

(ابویحییٰ)

جنوری 2012





جوانسان چیزوں کوملکیت بنانا

اپنی زندگی بنالیتا ہے

کچھ عرصے میں زندگی خود اسے

چیزوں کی ملکیت بنادیتی ہے

(ابویحییٰ)

فروری 2012

حکمت یہ نہیں ہے کہ کسی بھی قیمت پر
مسئلہ حل کیا جائے
حکمت یہ ہے کہ مسئلہ
کم سے کم قیمت پر حل کیا جائے

(ابو یحییٰ)

مارچ 2012





لاکھوں روپے کمانے والے سے زیادہ خوش
وہ شخص رہتا ہے جو
نہ ملی ہوئی چیزوں کے بجائے
ملی ہوئی نعمتوں کو یاد رکھتا ہے

(ابو یحییٰ)

اپریل 2012

وقت کے زیاں کا ایک اہم ذریعہ
ان لوگوں کے ساتھ بحث و مباحثہ ہے
جن کا علم اور سمجھ بہت کم
اور اعتماد بہت زیادہ ہوتا ہے
(ابو یحییٰ)

مئی 2012





انسان کو ہمیشہ اس کی تقدیر ملتی ہے
مگر اس تقدیر تک انسان کو چل کر جانا پڑتا ہے
(ابو یحییٰ)

جون 2012

حکمت کی باتیں

پریشانی کی بات یہ نہیں کہ آپ کے اردگرد
ناکامی کا اندھیرا چھا جائے
پریشانی کی بات یہ ہے کہ آپ کے اندر
مایوسی کا اندھیرا چھا جائے
(ابو یحییٰ)

جولائی 2012





زندگی میں پیش آنے والے ناگوار حالات
روزے دار کے ایک سخت دن کی طرح
آخر کار گزر جاتے ہیں
(ابو یحییٰ)

اگست 2012

قانون بگڑے ہوئے افراد کے لیے ہوتا ہے
بگڑی ہوئی قوم کے لیے نہیں
بگڑی ہوئی قوم کی اصلاح
صرف دعوت و تربیت سے ہوتی ہے

(ابو یحییٰ)

ستمبر 2012





انسان کی جہالت اصل مسئلہ نہیں ہوتی
اصل مسئلہ جہالت کے باوجود
اپنی بات پر اعتماد ہوتا ہے

(ابو یحییٰ)

اکتوبر 2012

جن انسانوں کی انا بہت مضبوط ہوتی ہے
ان کی شخصیت اکثر بہت کمزور رہ جاتی ہے
(ابو یحییٰ)

نومبر 2012





آپ کا شمار خوش نصیب لوگوں میں ہوگا
اگر آپ آدھے خالی گلاس کو
آدھا بھرا ہوا دیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں
(ابو یحییٰ)

دسمبر 2012

اندھیرے کی سب سے بھیانک قسم
منفی سوچ ہوتی ہے جو
امید کے ہر چراغ کو گل کر دیتی ہے
(ابو یحییٰ)

جنوری 2013





برائی سے بچنے کا آسان حل
لوگوں کو برائی سے روکنا ہے
کیونکہ اس کے بعد لوگ آپ کو
برائی نہیں کرنے دیں گے
(ابو یحییٰ)

فروری 2013

مشکل میں اللہ کو یاد رکھنا مشکل نہیں

اصل مشکل آسانی میں اسے یاد رکھنا ہے

(ابویحییٰ)

مارچ 2013





جتنی ذہانت کسی کی بات کا

جواب دینے کے لیے ضروری ہے

اس سے کہیں زیادہ ذہانت

اس کی بات کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے

(ابویحییٰ)

اپریل 2013

جن لوگوں کے دلوں میں نفرت ہوتی ہے
وہ نفرت ہی پھیلاتے ہیں
اور جن دلوں میں محبت ہوتی ہے
وہ محبت ہی پھیلاتے ہیں

(ابو یحییٰ)

مئی، جون 2013





جسے گرم روزے کی پیاس متقی نہ بنا سکی
اسے کوئی اور چیز کیسے متقی بنا سکتی ہے
جسے ٹھنڈے پانی کا افطار شکر گزار نہ بنا سکا
اسے کوئی اور چیز کیسے شکر گزار بنا سکتی ہے

(ابو یحییٰ)

جولائی 2013

جب کسی محرومی کا دکھ ستانے لگے

تو اپنی ان نعمتوں کو گنیے

جو اگر چھن گئیں تو

جینا مشکل ہو جائے گا

(ابو یحییٰ)

اگست 2013





اندھے پن کی ہر قسم ہی بری ہے

مگر بدترین قسم دل کا اندھا پن ہے اور

یہ اندھا پن تعصب سے پیدا ہوتا ہے

(ابو یحییٰ)

ستمبر 2013

انسان کو دنیا میں اپنی جنت
بنانے کے لیے بھیجا گیا ہے مگر
انسان دنیا ہی کو اپنی جنت
بنانے میں مگن رہتا ہے

(ابو یحییٰ)

اکتوبر 2013





جو لوگ ایمان اور اخلاق کی راہ پر چلتے ہیں
جنت خود ہی ان منزل بن جاتی ہے اور
جو لوگ خواہش اور تعصب کی راہ پر چلتے ہیں
جہنم خود بخود ان کی منزل بن جاتی ہے

(ابو یحییٰ)

نومبر 2013

انتہا پسندی کے جواب میں انتہا پسندی کا رویہ

آپ کے علم و اخلاق کی شکست ہے۔

انتہا پسندی کے جواب میں توازن پر قائم رہنا

آپ کے علم و اخلاق کی فتح کی علامت ہے

(ابویحییٰ)

دسمبر 2013





جو لوگ اپنے سینے میں

تعصب کے ناگ پالتے ہیں

وہ سب سے پہلے خود ہی

ان کے زہر کا نشانہ بنتے ہیں

(ابویحییٰ)

جنوری 2014

صبر کی عادت کے بغیر حصول جنت کی خواہش
ایک ایسا خواب ہے جس کی کوئی تعبیر نہیں ہو سکتی
(ابو یحییٰ)

فروری 2014





صبر بھی رنگ لاتا ہے اور غصہ بھی مگر
صبر کے رنگوں سے زندگی حسین ہو جاتی ہے
اور غصے کا رنگ محبت کے ہر رنگ کو نگل جاتا ہے
(ابو یحییٰ)

مارچ 2014

100

ہدایت بندوق کی گولی نہیں ہوتی
جس سے دوسروں کو نشانہ بنایا جائے
یہ روشنی ہوتی ہے جو دل سے پھوٹتی ہے اور
سب سے پہلے ہمارے اپنے وجود کو منور کرتی ہے
(ابو یحییٰ)

اپریل 2014



103

ہمارا اصل امتحان اس وقت شروع ہوتا ہے
جب بظاہر ہم امتحان سے نکل چکے ہوتے ہیں
(ابو یحییٰ)

مئی 2014

ندامت توبہ کے دروازے کی اصل کنجی ہے
جبکہ سرکشی اور تاویل اس دروازے کے قفل ہیں
(ابو یحییٰ)

جون 2014





روزہ جنت کا دروازہ ہے مگر
یہ دروازہ صرف وہی شخص کھول سکتا ہے جو
روزے کی مشقت کو تقویٰ کی کنجی میں بدل سکے
(ابو یحییٰ)

جولائی 2014

والدین کی خدمت جنت کا دروازہ ہے
خوش نصیب لوگ اس دروازے کو ان کی زندگی میں
اور بدنصیب ان کی موت کے بعد
ڈھونڈنے کی کوشش کرتے ہیں

(ابو یحییٰ)

اگست 2014





تعصّبات کی دنیا میں اپنی بات منوانا
سب سے بڑی کامیابی ہے
ایمان کی دنیا میں اپنی غلطی کی اصلاح
سب سے بڑی کامیابی ہے

(ابو یحییٰ)

ستمبر 2014

نادان اپنی تقدیر بدلنے کے لیے
باہر کے کسی انقلاب کے منتظر رہتے ہیں
عقلمند اپنی تقدیر بدلنے کے لیے
اپنی شخصیت میں انقلاب لے آتے ہیں
(ابویحییٰ)

اکتوبر 2014





دین کا جمال توازن میں ہے اور
دین کا کمال استقامت میں
(ابویحییٰ)

نومبر 2014

108

جنت سے محروم ہر شخص بدنصیب ہے
مگر سب سے بڑا بدنصیب وہ ہوگا
جو اپنی خواہشات اور تعصّبات کو اپنا
ایمان بنانے کی وجہ سے محروم ہوگا

(ابو یحییٰ)

دسمبر 2014



111

جو ایمان تحقیق کی وادی سے نہیں گزرتا
وہ اکثر گمراہی کی منزل کو جا نکلتا ہے
جو اعتقاد عمل کی وادی سے نہیں گزرتا
وہ اکثر جہنم کی منزل کو جا نکلتا ہے

(ابو یحییٰ)

جنوری 2015

اسلام کے دشمن وہ ہیں
جن سے اسلام کی دعوت کو نقصان پہنچے
اس سے فرق نہیں پڑتا کہ
وہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم
(ابو یحییٰ)

فروری 2015





امیر ہو یا غریب، بادشاہ ہو یا فقیر
میں ہوں یا آپ، والدین ہوں یا اولاد
سب کو چھوڑ کر جانا ہے
سب کچھ چھوڑ کر جانا ہے
(ابو یحییٰ)

مارچ 2015

خواص کی بددیانتی اور کرپشن سے سماج کو

جتنا نقصان ہوتا ہے

عوام کی بددیانتی اور کرپشن سے سماج کو

اس سے کہیں زیادہ نقصان ہوتا ہے

(ابویحییٰ)

اپریل 2015





جس شخص کی خوبیوں کے اعتراف کا

آپ میں حوصلہ نہیں

اس پر تنقید کا کوئی حق آپ کو نہیں مل سکتا

(ابویحییٰ)

مئی 2015

114

کسی کو چھوٹا ثابت کر کے
آپ خود بڑے نہیں ہو سکتے

(ابو یحییٰ)

جون 2015



117

اسلام دین فطرت ہے۔ وہ برائی کو بھی
غیر فطری طریقے پر ختم نہیں کرتا

(ابو یحییٰ)

جولائی 2015

حکمت کی باتیں

116

مذہب کی تاریخ کا سب سے بڑا المیہ

یہ ہے کہ مذہب کے نام پر کھڑے اکثر لوگ

سب سے بڑھ کر خدا سے بے خوف ہوتے ہیں

(ابویحییٰ)

اگست 2015



119

خواہش شیطان کا ہتھیار ہے

جس سے وہ انسان کو قابو کرتا ہے

صبر انسان کا ہتھیار ہے

جس سے شیطان قابو میں آجاتا ہے

(ابویحییٰ)

ستمبر 2015

فرد ہو یا قوم دونوں کے لیے
ترقی کا راستہ ایک ہی اصول پر مبنی ہے
ذمہ داری زحمت نہیں ہوتی

(ابو یحییٰ)

اکتوبر 2015





شیطان کو شکست دینے کا طریقہ
غلطی کے اعتراف کی عادت ہے
شیطان سے شکست کھانے کا طریقہ
غلطی کی تاویل کرنے کی عادت ہے

(ابو یحییٰ)

نومبر 2015

120

جو صرف زندہ رہنے کے لیے جیتے ہیں

وہ آخرکار مر جاتے ہیں

(ماخوذ)

دسمبر 2015

حکمت کی باتیں